نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن اور اجراء سے متعلق پیشرفت کے لئے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور:15 جولائی 2024: وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن "پہلے آیئے، پہلے پایئے" کی بنیاد پر کی جارہی ہے۔ اب تک 3 لاکھ کاشتکاروں کی وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے لیے رجسٹریشن ہو چکی ہے۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن اور اجراء سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر انھوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے نتائج بڑے حوصلہ افزاء ہیں۔ اب تک 1 لاکھ 21 ہزار کاشتکاروں کی رجسٹریشن کا مکمل ریکارڈ بینک آف پنجاب کو فراہم کر دیا گیا ہے۔ 2 لاکھ 50 ہزار کسان کارڈز کی مینوفیکچرنگ جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈز کی فائنل پرنٹنگ کا عمل مزید تیز کیا جائے۔ انھوں نے مزید کہا کہ یکم اگست تک مزید دو لاکھ کاشتکاروں کی رجسٹریشن کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ یکم اگست تک مزید دو لاکھ کاشتکاروں کی رجسٹریشن کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت کی سبسڈی سکیموں اور سہولیات سے استفادہ حاصل کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کسان کارڈ کے ذریعے پی ایس او کے فلنگ اسٹیشنز سے ڈیزل اور موبل آئل کی خریداری کے لیے میکانزم کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔ کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو نزدیکی پی ایس او کے فلنگ اسٹیشنز سے خریداری کی سہولت میسر ہو گی۔ بینک آف پنجاب کے پاس بھی پی ایس او کے فلنگ اسٹیشنز پر پی او ایس مشین لگانے کا آپشن موجود ہو گا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ جولائی کے آخر تک کم از کم 4 ہزار ڈیلرز کی رجسٹریشن کا ہدف حاصل کیا جائے۔ اجلاس میں اسپشل سیکرٹری زراعت شہنشاہ فیصل عظیم، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبد الحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، چیف پلاننگ اینڈ ایلیوایشن سیل آصف قریشی سمیت بینک آف پنجاب کے نمائندگان نے شرکت کی۔

☆☆☆☆